1989ء سے مسلسل اشاعت | 16 جولائی تا 29 جولائی 2021 | شمارہ نمبر 29-30 | جلد نمبر 33

MC - 547 Price Rs. 70/-

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

APP
IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED
QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER Sinar Tech
SINARSPECTRA COLOR CUBE
AQNA Brands
FOR BOOKING CONTACT IBM :
UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED
PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER
Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking
First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل


BMG
بزنس مین گروپ
کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP

中華紙業

ZHONGHUA-PAPER

IBM™

ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · ISO9001 · ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

GOLD ExcelPro PAPERLINE a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

ep EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · ep pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · ep srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# QAZI PAPER MART

*We only deal with IBM products.* IBM

- Coated Art Card
- Art Paper
- Coated Duplex Board
- Sticker Paper
- Offset Printing Paper
- Ivory Card

## For order Contact

**IMRAN QAZI Call: 0321-2581981**

Email:imranqazi444@gmail.com Ph:32600835 / 32600837

Shop No # 13, Al Hussaini Building. Faiz-M-Fateh Ali Road, Karachi.

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 26 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# ممبران اپیما بارشوں سے حفاظت کیلئے احتیاطی تدابیر پر عمل کریں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (اپیما) نے تمام اراکین کو مطلع کیا ہے کہ محکمہ موسمیات نے کراچی میں 15 جولائی سے مون سون کے سلسلے میں شدید طوفانی بارشوں کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اپیما نے تمام اراکین سے کہا ہے کہ طوفانی بارشوں کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔

1۔ تمام گودام/ ویئر ہاؤسز/ اسٹورز/ دکانیں جو زمینی سطح کے برابر یا اس سے نیچے ہوں اور جہاں پانی کے جمع ہونے کا اندیشہ ہو وہاں سے اپنے مال کو محفوظ مقامات پر فوری طور منتقل کردیں۔

2۔ گودام/ ویئر ہاؤسز/ اسٹورز/ دکانوں میں رات کے اوقات میں بجلی کے مینسوئچ بند رکھیں اور بجلی کی وائرنگ، سوئچ وغیرہ اچھی طرح سے چیک کرالیں۔

3۔ ایسے تمام گودام/ ویئر ہاؤسز/ اسٹورز/ دکانیں جن کے سامنے کوڑا کرکٹ/ کچرا وغیرہ جمع ہو وہ اجتماعی اشتراک سے اس کی صفائی کروائیں تاکہ نکاسی آب بغیر کسی رکاوٹ کے ہوسکے اور بارش کے دوران وہاں پانی جمع نہ ہو۔

مزید برآں اپیما نے تمام ممبران اور دکانداران سے اپیل کی ہے کہ کووڈ 19 کے حوالے سے تمام SOPs پر عمل کریں اور کووڈ 19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے عمل کو بھی یقینی بنائیں۔ اپیما نے مزید کہا ہے کہ نالوں کی صفائی کے حوالے سے متعلقہ اداروں میں بھی خطوط جمع کروادیئے گئے ہیں۔

## ای بینکنگ ٹرانزیکشنز میں 100 فیصد اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) گزشتہ مالی سال کی تیسری سہ ماہی کے دوران نان کیش ای بینکنگ ٹرانزیکشنز کی تعداد میں 100 فیصد جب کہ مالیت میں 115 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2020 میں جنوری تا مارچ ای کامرس مرچنٹس کی جانب سے 2.8 ملین ٹرانزیکشنز کی گئی تھیں جب کہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران ٹرانزیکشنز کی تعداد 5. 6 ملین تک بڑھ گئی۔

## حکومت کا عیدالاضحیٰ پر 3 چھٹیوں کا اعلان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے عیدالاضحیٰ پر 3 چھٹیاں دینے کا اعلان کردیا۔ ذرائع وزیراعظم آفس کے مطابق وفاقی حکومت نے عیدالاضحیٰ کی تین سرکاری چھٹیاں دینے کا اصولی فیصلہ کیا ہے، 20۔ 21 اور 22 جولائی 2021 کو عیدالاضحیٰ کی سرکاری تعطیلات ہوں گی۔ وزیراعظم آفس نے عید کے موقع پر صرف 3 سرکاری چھٹیوں کی سمری منظور کی ہے، 3 تعطیلات کی صورت میں ملازمین کو عید کے تیسرے روز دفتروں میں آنا پڑے گا۔

# کمپنیوں نے کاروں کی قیمتوں میں کمی کردی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان آٹو اسمبلرز نے اپنے پروڈکٹ کی قیمتوں میں فنانس ایکٹ 2021 پر عملدرآمد کرتے ہوئے گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی کردی ہے سوزوکی کمپنی جاپان نے اپنے 12 برانڈز کی قیمتوں کا اعلان کیا ہے جس کے مطابق سوزوکی آلٹو VX 306 AET کی قیمت 11 لاکھ 13 ہزار کردی ہے۔ سوزوکی آلٹو VXR 306 AET کی قیمت 13 لاکھ 35 ہزار مقرر کی ہے۔ سوزوکی آلٹو AGS/VXL 306 AET کی قیمت 15 لاکھ 21 ہزار مقرر کی ہے۔ سوزوکی بولان، STV VXIM 308 کی قیمت 10 لاکھ 49 ہزار مقرر کی ہے۔ سوزوکی ویگن VXR 310 RAIJ کی قیمت 15 لاکھ 20 ہزار روپے کردی ہے۔ سوزوکی ویگن VXL 310 RAIJ کی قیمت 16 لاکھ 10 ہزار روپے مقرر کی ہے سوزوکی ویگن AGS 310 RAIJ کی قیمت 17 لاکھ 60 ہزار روپے کردی ہے سوزوکی کلٹس VXR310AVK کی قیمت 16 لاکھ 55 ہزار روپے کردی ہے سوزوکی کلٹس VXL310 AVK کی قیمت 18 لاکھ 30 ہزار روپے سوزوکی کلٹس AGS/310/AVK کی قیمت 19 لاکھ 75 ہزار روپے کردی ہے۔ سوزوکی سوفٹ DLX R5413 کی قیمت 19 لاکھ 72 ہزار روپے سوزوکی سوفٹ RS413 AT کی قیمت 21 لاکھ 48 ہزار روپے کردی ہے۔ کمپنی نے واضح کہا ہے کہ مندرجہ بالا قیمتوں میں ایکس فیکٹری پراڈکٹ پرائس جس میں FED زیرو پرسنٹ آلٹو بولان کلٹس اور ویگنار پر شامل ہے جبکہ سوفٹ پر ڈھائی فیصد شامل ہے مذکورہ قیمتوں میں آلٹو بولان کلٹس پر ساڑھے 12 فیصد سیلز ٹیکس بھی شامل ہے اسی طرح سوفٹ پر 17 فیصد سیلز ٹیکس شامل ہے۔ مذکورہ قیمتوں میں فیکٹری سے ڈیلرشپ تک گاڑی پہنچنے کے ریٹ چارجز بھی شامل ہیں۔ انڈس موٹر کمپنی نے ایڈیشل کسٹم ڈیوٹی فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی فنانس ایکٹ 2021 میں کم ہونے کا فائدہ گاڑی خریدنے والوں کو پہنچایا ہے۔ ٹویوٹا یارس کی قیمتوں میں ایک لاکھ روپے کی کمی کی ہے جبکہ یارس 1.5 کی قیمت میں ایک لاکھ 10 ہزار روپے کی کمی ہے۔ ٹویوٹا کرولا کی قیمتوں میں ایک لاکھ 10 ہزار اور ایک لاکھ 20 ہزار کی کمی کی ہے۔



سابق صدر کراچی چیمبر اور سابق چیئرمین اپیما اے کیو خلیل، چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے ان کے دورہ کراچی چیمبر کے موقع پر خوشگوار موڈ میں محو گفتگو ہیں

## ضروری اعلان

عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے باعث ہر سال کی طرح امسال بھی ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاءاللہ 30 جولائی 2021ء کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔ (ادارہ)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# بینکنگ محتسب نے صارفین کی 14 ہزار سے زائد شکایات کو نمٹایا

کراچی (نیوز ڈیسک) بینکنگ محتسب پاکستان نے رواں سال کی پہلی ششماہی (جنوری تا جون) کے دوران بینکوں کے صارفین کی 14,910 شکایات کو نمٹاتے ہوئے انہیں تیس کروڑ پچپن لاکھ روپے کے زرِتلافی کی ادائیگی ممکن بنائی۔ ان میں سے تقریباً 99 فیصد (14,755)) شکایات فریقین کے مابین باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے نمٹا دی گئیں جبکہ صرف ایک فیصد ((155 تنازعات کو باقاعدہ احکامات کے ذریعے حل کیا۔ بینکنگ محتسب پاکستان کے دفتر میں بینکوں کے خلاف موصول ہونے شکایات کی تعداد میں کوئی کمی نہیں دیکھی جا رہی ہے۔ اس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ بینکنگ محتسب کو یکم جنوری سے 30 جون کے دوران قریباً 20,220 نئی شکایات موصول ہوئیں۔ ان میں وہ 13,027 شکایات بھی شامل ہیں جو بینکوں کے خلاف وزیرِاعظم پورٹل پر درج کرائی گئیں۔ رواں سال کی پہلی ششماہی کے دوران بینکنگ محتسب پاکستان کو بینکوں کے خلاف موصول ہونے والی شکایات کی تعداد میں گزشتہ سال کی پہلی ششماہی کے مقابلے میں 81 فیصد اضافہ ہوا۔ گزشتہ سال کے اسی عرصے کے دوران بینکوں کے خلاف 11,174 شکایات درج کرائی گئی تھیں۔

## تاجروں کا بجٹ انا ملیز دور کرنے کیلئے مشترکہ جدوجہد کا فیصلہ

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی چیمبر، کراچی چیمبر اور پائما نے بجٹ انا ملیز دور کرنے کیلئے مشترکہ جدوجہد کا فیصلہ کیا ہے اور سینیٹ کی بجٹ انا ملیز کمیٹی کے خود ساختہ فیصلوں کی مذمت کرتے ہوئے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے دوبارہ اجلاس بلا کر ازسرنو بجٹ انا ملیز کا جائزہ لے کر انا ملیز کو دور کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ پائما میں منعقد ہونے والے اجلاس میں پہلی بار ایف پی سی سی آئی، کراچی چیمبر اور پائما کے عہدیداروں نے ایک ساتھ شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی چیمبر کے صدر ناصر حیات مگوں نے سینیٹ کی بجٹ انا ملیز کمیٹی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری کو کمیٹی کے خود ساختہ فیصلے کسی صورت بھی قبول نہیں۔

## کامران احمد کے دادا انتقال کر گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) میسرز کاغذی پرنٹرز کے کامران احمد کے دادا مرحوم حاجی عبدالواحد 10 جولائی 2021 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ دریں اثناء چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس و دیگر اراکین نے مرحوم کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے۔

## قومی ایئر لائنز اور نجی فضائی کمپنیوں کے کرایوں میں اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پی آئی اے اور نجی ایئر لائنز نے پروازوں کے کرایوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے اور نجی ایئر لائنز کے ٹکٹوں کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں۔ کراچی سے اسلام آباد اور لاہور کا کرایہ 7 ہزار روپے سے زائد تھا تاہم اب اندرون ملک فضائی کرایوں میں 114 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا۔ کراچی سے لاہور کا یک طرفہ کرایہ 13 ہزار روپے تک پہنچ گیا۔ اس حوالے سے ذرائع نے یہ بھی کہا ہے کہ کراچی لاہور اور اسلام آباد کراچی رٹرن ٹکٹ پر 25 ہزار سے زائد وصول کیے جا رہے ہیں۔




لیڈر آف بزنس مین گروپ لاہور خامس سعید بٹ چیف ٹریفک آفیسر لاہور منتظر مہدی کو ان کے دورہ لاہور چیمبر سے متعلق رپورٹ صدر میاں طارق مصباح کی جانب سے پیش کر رہے ہیں۔ اس موقع پر سی ٹی او نے خامس سعید بٹ کو پیپر مارکیٹ کے علاقے کے لیے فوکل پرسن نامزد کر دیا جو علاقہ ٹریفک انچارج سے ٹریفک کے مسائل پر رابطے میں رہے گا۔ مزید برآں منتظر مہدی نے لاہور چیمبر میں ڈرائیونگ لائسنس کے ٹیسٹ کی سہولت بحال کرنے کی بھی منظوری دے دی ہے اور کہا ہے کہ چیمبر کی مشاورت سے ٹیسٹ کے لیے تاریخ کا تعین کیا جائے گا۔

## جی 20 وزرا نے کم سے کم کارپوریٹ ٹیکس 15 فیصد کرنے کی توثیق کردی

وینس (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) جی 20 وزرا نے عالمی ٹیکس معاہدے کی توثیق کر دی، اے ایف پی کے مطابق ہفتہ 10 جولائی کو جی 20 کے وزرائے خزانہ نے وینس میں ایک اجلاس کے دوران تاریخی عالمی ٹیکس اصلاحات کی منظوری دیدی جس کے مطابق کم سے کم کارپوریشن ٹیکس ریٹ 15 فیصد شامل ہے۔ جی 20 وزرا نے دیگر ملکوں کو بھی اس سسٹم میں شامل ہونے کی دعوت دی ہے۔

## کراچی حیدرآباد موٹروے کا ٹول ٹیکس بڑھا دیا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کراچی حیدرآباد موٹروے (ایم 9) کے ٹول ٹیکس میں یکم جولائی سے اضافہ کر دیا گیا، کار کا ٹول ٹیکس فی کلومیٹر 1.99 روپے سے بڑھا کر 2.15 روپے، ویگن 3.32 روپے سے بڑھا کر 3.59 روپے کوسٹر کا 4.6 روپے سے بڑھا کر 5.04 روپے، بس کا 6.65 سے بڑھا کر 7.18 روپے، ٹرک کا 8.95 سے بڑھا کر 9.66 روپے، ٹرمیر کا ٹول ٹیکس 11.40 روپے سے بڑھا کر 12.31 روپے فی کلومیٹر کر دیا گیا ہے۔

توجہ فرمائیے
پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725




ATC Source of Paper & Board

## ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: atcpakistan.net



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# مالیاتی اداروں و بینک صارفین کی شکایات کے ازالہ کیلئے طریقہ کار میں بہتری

کراچی (بزنس ڈیسک) بینک دولت پاکستان تحفظِ صارف کے نظام اور مارکیٹ میں صنعت کے برتاؤ کو مضبوط بنانے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ دیگر کاوشوں کے علاوہ اسٹیٹ بینک بینکوں، مائیکروفنانس بینکوں (ایم ایف بیز) اور ترقیاتی مالی اداروں (ڈی ایف آئیز) (جنھیں آئندہ بینک کہا جائے گا) میں شکایات نمٹانے کے طریقہ ہائے کار میں بہتری لانے پر توجہ دے رہا ہے جس کا ہدف شکایات نمٹانے کا سستا، قابل رسائی، منصفانہ، قابل احتساب اور موثر نظام فراہم کرنا ہے۔ اس مقصد کے لیے اسٹیٹ بینک نے بینکوں کی جانب سے شکایات نمٹانے کے ذمہ دارانہ طریقے کو بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات کیے ہیں کیونکہ ایک سال میں بینکاری صنعت سے متعلق 97 فیصد سے زائد شکایات وہی نمٹاتے ہیں۔ حال ہی میں اسٹیٹ بینک نے بینکوں میں شکایات نمٹانے کے طور طریقوں کا ایک تفصیلی جائزہ لیا جس میں بنیادی طور پر ’شکایت دائر کرنے میں آسانی‘ اور شکایات کے ’جلد اور منصفانہ نمٹائے جانے‘ پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس جائزے کے نتائج اور بینکاری خدمات کو بہتر بنانے میں شکایات کی اہمیت کے پیش نظر اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ اپنے ہاں شکایات نمٹانے کے طریقہ کار کو بہتر بنائیں۔ بینکوں میں شکایت دائر کرنے کے عمل کو آسان اور قابل رسائی بنانے کے لیے اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے لیے شکایت دائر کرنے کے لازمی طریقے مقرر کردیے ہیں اور یہ ہدایت کی ہے کہ ہر وقت ان طریقوں سے شکایت دائر کرنے کی سہولتیں دستیاب رہنی چاہئیں۔ ان طریقوں میں کال سینٹر، ای میل، ای فارم، عام ڈاک، فیکس اور شکایت باکس رجسٹر شامل ہیں۔ ان کے علاوہ بینکوں کو ترغیب دی گئی ہے کہ وہ شکایت دائر کرنے کے اختراعی طریقوں میں سرمایہ کاری کریں جیسے ایس ایم ایس، کال بیک سروس، موبائل ایپلی کیشنز، سیلف سروس کیوسک اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارموں کے ذریعے شکایات کی وصولی۔ اس قسم کی سرمایہ کاری سے نہ صرف صارفین کے لیے سہولت بڑھے گی بلکہ اس سے بینکوں کو بہتر طور پر شکایت نمٹانے میں مدد ملے گی۔ بینکوں کو یہ ہدایت بھی کی گئی ہے کہ وہ سال میں کم از کم دو بار آگہی کے ایس ایم ایس پیغامات بھیجیں تاکہ شکایات دائر کرنے کے طریقوں کے بارے میں مناسب آگہی پیدا ہوسکے۔ صارفین کی شکایات کی بہتر ٹریکنگ کے لیے تحریری فارم میں شکایات کے ٹریکنگ نمبر کی فراہمی کو بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح شکایات کے بہ سرعت اور میرٹ پر ازالے پر خاص زور دیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ اسٹیٹ بینک نے بین الاقوامی اور مقامی ضروریات، رجحانات کی روشنی میں شکایات نمٹانے کے بارے میں رپورٹنگ شرائط بھی بڑھا دی ہیں۔ علاوہ ازیں، بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ انسانی وسائل، اطلاعی ٹیکنالوجی، تربیت وغیرہ کے حوالے سے بینکوں کو شکایات نمٹانے کے عمل کو موزوں معاونت فراہم کرنے کو یقینی بنایا جائے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


# ہنڈی حوالہ گروہ کے سرغنہ کیخلاف تحقیقات

کراچی (نیوز ڈیسک) کوئٹہ سے گرفتار دو بھائیوں کے ہنڈی حوالے کے انکشاف کے بعد ایف آئی اے حکام نے بین الاقوامی ہنڈی حوالے کے سرغنہ کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنا شروع کردیئے ہیں۔ قائم مقام ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل بینک سرکل عبدالرؤف شیخ نے تصدیق کی ہے کہ ایف آئی اے کوئٹہ کی ٹیم نے چھاپہ مار کر دو بھائیوں عبدالولی اور عبداللہ جان کو گرفتار کرکے ایف آئی آر نمبر 11/2021 درج کرلی۔ ملزمان ایران، دبئی اور چین میں ہنڈی حوالہ کرتے تھے۔ ملزمان کی ڈرائی فروٹ کی دکان تھی جس کی آڑ میں دھندا کررہے تھے۔ ملزمان کی تحویل سے 20 مختلف بینکوں کی چیک بکس، لیپ ٹاپ، موبائل فونز اور رجسٹر جس میں ہنڈی حوالہ کی گئی رقوم کی تفصیلات تھیں، برآمد کی گئی۔ ایف آئی اے کی تحویل میں ملزمان نے انکشاف کیا کہ ان کے گروہ کا سرغنہ حاجی عزت اللہ ہے جو مختلف ممالک، خاص طور پر پاکستان اور افغانستان کے شہر قندھار سے ہنڈی حوالہ کو آپریٹ کرتا ہے۔ مذکورہ انکشاف کے بعد عزت اللہ کے بینک اکاؤنٹس اور اس کی گرفتاری کے عمل کا آغاز کردیا گیا ہے۔ قائم مقام ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل بینک سرکل عبدالرؤف شیخ نے ملزمان کی گرفتاری اور سرغنہ کی گرفتاری کے لیے چھاپے کی تصدیق کی ہے۔

# بچت اسکیموں سے حاصل منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح میں اضافہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے قومی بچت اسکیموں سے حاصل منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس عائد کردیا ہے۔ وفاقی وزارت خزانہ نے قومی بچت اسکیموں میں سرمایہ کاری کے رجحان کو روکنے اور کالے دھن کو سفید کرنے کا راستہ بند کرنے کے لیے قومی بچت اسکیموں سے حاصل منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس عائد کردیا ہے۔ قابل ٹیکس منافع کی حد بھی پانچ لاکھ روپے سے کم کرکے ایک لاکھ روپے مقرر کردی گئی ہے۔ نیشنل سیونگ سرٹیفکیٹ ہر نان فائلر کے لیے 30 فیصد جبکہ فائلرز کے لیے 15 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس عائد کردیا گیا۔ قومی بچت میں سرمایہ کاری کرنے والے نان فائلرز کو اب ایک لاکھ روپے سالانہ منافع ہر 30 ہزار روپے جبکہ فائلرز جو 15 ہزار روپے کا ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ گزشتہ مالی سال تک قومی بچت اسکیموں کے منافع پر نان فائلر کے لیے 20 فیصد اور فائلرز کے لیے 10 فیصد ٹیکس عائد تھا جبکہ منافع کی حد بھی پانچ لاکھ روپے اور اس سے زائد تھی۔ عوامی حلقوں نے اس اقدام پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قومی بچت اسکیموں میں زیادہ تر ریٹائرڈ اور بزرگ افراد اور بیواؤں کا سرمایہ محفوظ ہونے کی وجہ سے انویسٹ کیا جاتا ہے۔ اب ٹیکس عائد کیے جانے سے بزرگ شہریوں کو محدود منافع کی شرح کے باوجود ٹیکس ادا کرنا پڑے گا۔ بعض سرٹیفکیٹ پر ٹیکس کی شرح منافع سے بھی زائد ہوگی اس طرح سرمایہ کاری کرنے والوں کو الٹا اپنی اصل رقوم میں کمی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

# پاکستان کی حدود کی راہداری استعمال کرنے والے ٹرانسپورٹرز کیلئے انشورنس گارنٹی لازمی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے ترسیل کرنیوالی کمپنیوں کے لئے انشورنس گارنٹی کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی حکومت نے پاکستان کے راستے اشیا کی ترسیل کرنیوالی کمپنیوں کے لئے ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی انشورنس گارنٹی کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ٹی آئی آر آپریٹرز کو اے گریڈ کی حامل انشورنس کمپنی کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی کے نام پر انشورنس گارنٹی جمع کروانا ہوگی جس کیلیے ایف بی آر نے کسٹمز رولز میں ترامیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف بی آر نے کسٹمز رولز میں ترامیم کا مسودہ تیار کرلیا ہے اور اس مسودے پر اسٹیک ہولڈرز سے پندرہ دن کے اندر اندر آرا و تجاویز طلب کرلی ہے، مقررہ معیاد کے بعد موصول ہونیوالی تجاویز کو قبول نہیں کیا جائیگا۔ دستیاب کسٹمز رولز میں ترامیم کے مسودے میں بتایا گیا ہے کہ ٹی آئی آر رولز کے تحت ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو سامان کی ترسیل کیلیے پاکستان کی راہداری استعمال کرنے کیلیے ڈی جی ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی کے نام ڈیڑھ کروڑ روپے کی مالی انشورنس گارنٹی جمع کرانا ہوگی اور پاکستان کے راستے اشیا کی ترسیل کیلیے اشیا کے بھرے کنٹینر کے پاکستانی حدود میں داخل ہوتے وقت ان اشیا پر عائد ڈیوٹی اور ٹیکسوں کی رقم کے برابر رقم رکھی جائے گی۔




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# ٹیکس کی بنیاد میں وسعت لانے میں پر عزم ہیں، وفاقی وزیر خزانہ شوکت ترین

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات شوکت ترین نے کہا ہے کہ ٹیکس کی محدود بنیاد ایک اہم اور کلیدی چیلینج ہے اور حکومت محصولات میں نمایاں اضافہ کیلئے ٹیکس کی بنیاد میں وسعت لانے میں پر عزم ہے۔ انہوں نے یہ بات ٹیکس کی بنیاد میں وسعت لانے اور ریٹیلیرز کو ایف بی آر کے پوائنٹ آف سیل نظام سے مربوط کرنے کے حوالہ سے اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس کے آغاز میں ایف بی آر کے ممبر انفارمیشن ٹیکنالوجی نے شرکا کو ریٹیلیرز کو ایف بی آر کے پوائنٹ آف سیل نظام سے مربوط کرنے کے ضمن میں ٹرمز آف ریفرنس سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمز آف ریفرنس نجی شعبہ سمیت کلیدی شراکت داروں سے مشاورت کے بعد مرتب کئے گئے ہیں تا کہ چیک اینڈ بیلنس کا باقاعدہ نظام موجود ہوں۔ وزیر خزانہ نے اس موقع پر کہا کہ ٹیکس کی محدود بنیاد ایک اہم اور کلیدی چیلینج ہے اور حکومت محصولات میں نمایاں اضافہ کیلئے ٹیکس کی بنیاد میں وسعت لانے میں پر عزم ہے۔ انہوں نے سٹیئرنگ کمیٹی کی کوششوں کی تعریف کی اور کہا کہ حکومت نے حالیہ بجٹ میں الیکٹرانک کیش رجسٹر رکھنے پر ری ٹیلیرز کیلئے کئی ترغیبات دی ہیں اس کا مقصد ٹیکس گزاروں کو ترغیب دیکر ٹیکس کی بنیاد میں وسعت لانا اور اس کے ساتھ ساتھ ٹیکس چھپانے والے ان افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنا ہے جو ٹیکس کی نیٹ میں دانستہ طور پر نہیں آرہے۔ وزیر خزانہ نے ایف بی آر پر پی او ایس نظام اور ٹیکس کی بنیاد میں وسعت لانے کیلئے اقدامات کے حوالہ سے نظام الاوقات کی سختی سے پاسداری کرنے اور ساری مشق کی باقاعدہ فالواپ کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس کی بنیاد میں وسعت لانے اور تمام کلائنٹس و آوٹ لیٹس کو ایف بی آر کے ایم آئی ایس نظام سے مربوط کرنے میں نئی ٹیکنالوجی کا استعمال، تجزیاتی طریقہ ہائے کار اور آٹومیشن ضروری عناصر ہیں۔ وزیر خزانہ نے مسٹری شاپنگ جیسے عبوری اقدامات کے ذریعہ نظام میں پائی جانیوالے نقائص سے آگاہی کی بھی ہدایت کی۔

## چھوٹے تاجروں کیلئے فکس ٹیکس کی اسکیم لائی جائے، چیئرمین ریونیو ایڈوائزرز

لاہور (نیوز ڈیسک) چیئرمین ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن عامر قدیر نے کہا ہے کہ حکومت چھوٹے تاجروں کو ٹیکسیشن کے پیچیدہ نظام میں الجھانے کی بجائے ان کیلئے کم شرح پر فکس ٹیکس کی اسکیم لائی جائے، حکومت پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر کسی ایک شہر میں ٹیکس ریٹس میں کمی کا تجربہ کرے اگر یہ کامیاب نہ ہو تو بیشک اسے واپس لے لیا جائے، صرف تاجروں سے ٹیکس اکٹھا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے ان کے دیرینہ مسائل کو بھی حل کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف مارکیٹوں کے تاجر نمائندوں پر مشتمل وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی اس سے انکار نہیں کرسکتا کہ تاجر طبقہ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے لیکن اس کے باوجود حکومت ریلیف دینے میں بڑی انڈسٹری اور کارپوریٹ سیکٹر کو ترجیح دیتی ہے جو ناانصافی ہے، یہ طبقہ سالانہ اربوں روپے کا ٹیکس دینے کے ساتھ لاکھوں افراد کو روزگار مہیا کرنے کا بھی ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے درخواست ہے کہ بیوروکریسی کی بجائے اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز کو بھی زیر غور لائے، چھوٹے تاجروں کے لئے پیچیدہ نظام کی بجائے انتہائی کم شرح سے فکس ٹیکس کی اسکیم لائی جائے جس سے ٹیکس چوری بھی رکے گی اور حکومت کی ٹیکس آمدن میں بھی کئی گنا اضافہ ہو جائے گا۔ انہوں نے تاجروں کے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ ٹیکسیشن کے حوالے سے ان کے مطالبات کو ہر فورم پر اٹھایا جائے گا۔

## صدر فیڈریشن ناصر حیات وفاقی بجٹ میں تجاویز شامل نہ کرنے پر ناراض

کراچی (بزنس ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس (ایف پی سی سی آئی) کے صدر میاں ناصر حیات مگوں وفاقی بجٹ میں ایف پی سی سی آئی کی تجاویز شامل نہ کرنے پر ناراض ہوگئے۔ ناصر حیات مگوں نے کہا کہ ہم نے حکومت کو ملک بھر میں یکساں نظام کی ٹیکس تجاویز دی تھیں، بجٹ تجاویز سے ٹیکس نیٹ میں بھی اضافہ ہوتا، وزیر اعظم عمران خان نے ایف بی آر کو ان تجاویز پر غور کرنے کے لیے کہا بھی تھا مگر ایف بی آر نے وزیراعظم کے احکامات پر بھی ان تجاویز پر غور نہیں کیا۔ ناصر حیات مگوں نے کہا کہ وزیر خزانہ شوکت ترین نے بھی ہمیں اس حوالے سے یقین دہانی کروائی تھی، شوکت ترین نے 6، 5 شیڈول ختم کرنے پر بھی اتفاق کیا تھا اور ہمارے مطالبے پر اجلاس بلایا گیا، وزیر خزانہ نے تجاویز پر چیمبرز ارکان پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی تھی، کمیٹی کا چیئرمین بینک سربراہ کو بنایا گیا جو کاروبار کی سمجھ سے بالاتر ہے، کمیٹی اجلاس میں تمام فیصلے ازخود کئے گئے کسی چیمبر نمائندے کو شامل نہیں کیا گیا، اجلاس میں شدید احتجاج بھی ریکارڈ کرایا۔ ناصر حیات مگوں نے کہا کہ اس معاملے پر وزیراعظم کو بھی خط لکھ کر آگاہ کر دیا ہے۔

## ایمریٹس اور اتحاد ایئر لائنز کی پاکستان میں فلائٹس معطلی میں توسیع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کورونا وائرس کی وجہ سے پاکستان سے ایمریٹس اور اتحاد ایئر لائنز انتظامیہ نے فلائٹ آپریشن کے معطلی میں توسیع کر دی ہے، ایمریٹس ایئر لائنیز کا 15 جولائی تک اور اتحاد ائیر لائنیز انتظامیہ کا 21 جولائی تک پروازیں معطل رکھنے کا فیصلہ کیا گیا کسی بھی کلاس میں بکنگ نہیں ہوگی، ایمریٹس ایئر لائنیز کا پاکستان سمیت سری لنکا اور بنگلہ دیش سے دبئی کیلئے فلائٹ آپریشن 15 جولائی تک معطل رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، پاکستان سے ابوظہبی کیلئے بھی اتحاد ایئر لائن نے بھی فلائٹ آپریشن 21 جولائی تک معطل کر دیا ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر ہوابازی غلام سرور نے کہا کہ پی آئی اے کی 18 پروازوں کے ذریعے بیرون ملک مقیم 6132 پاکستانیوں کو وطن واپس لانے کیلئے آج سے فلائیٹ آپریشن شروع ہوگا، بیرون ملک مقیم پاکستانی وزیراعظم عمران خان کے دل کے قریب ہیں، سول ایوی ایشن اتھارٹی نے اضافی پروازوں کی بکنگ کیلئے اتحاد ایئرویز، ترک ایزویز، امارات ایئرویز اور قطر ایئرویز سمیت دیگر ایئر لائنز کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا ہے اور وضاحت طلب کیا۔

## پراپرٹی ڈیلرز مشکوک سرمائے کی معلومات دیں گے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کی ایک اور شرط پوری کردی گئی ہے، پاکستان میں 22 ہزار پراپرٹی ڈیلرز مشکوک سرمائے اور سرمایہ کار کی معلومات فراہم کریں گے۔ ملک بھر کے 22 ہزار پراپرٹی ڈیلرز ایف بی آر میں رجسٹرڈ، اب ان پراپرٹی ڈیلرز کی تربیت کی جائے گی اور پراپرٹی میں چھپے کالے دھن، مشکوک سرمائے اور مشکوک سرمایہ کار کا پتہ چلایا جائے گا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پہلے مرحلے میں ملک کے 22 پراپرٹی ڈیلرز کو 66 ہزار نوٹسز بھیجے، ہر پراپرٹی ڈیلرز کو رجسٹریشن کے لیے فی کس 3 نوٹسز بھیجے گئے اور پھر انہیں رجسٹرڈ کرتے ہوئے خود کار نظام سے منسلک کر دیا ہے۔ یہ خود کار نظام فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کی گائیڈ لائن پر بنایا ہے جو پراپرٹی میں مشکوک سرمائے اور سرمایہ کار کی تفصیلات دے گا تاہم مشکوک سرمایہ کار کے خلاف کارروائی کا اختیار صرف ایف بی آر کو ہوگا، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس کو کوئی اختیار نہیں دیا گیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## نیشنل لاجسٹک کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2021/22/P/For/Sty/NLC
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 جولائی 2021
برائے رابطہ: ہیڈ کوارٹر، این ایل سی مکینیکل ٹرانسپورٹ ایریا بلڈنگ، ہارلے اسٹریٹ، نزد چونگی نمبر 22، راولپنڈی۔
فون: 051-9052518

## کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ کو اسٹیشنری درکار
ٹینڈر حوالہ نمبر: PIC-035
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ اینڈ میٹریل مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پلاٹ نمبر 5-A، سیکٹر B-3، فیز-5، حیات آباد، پشاور۔

## ڈی جی تعلقات عامہ کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 26 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: آفس، 21-محمود غزنوی (ایبٹ روڈ)، نزد پی ٹی وی اسٹیشن، لاہور۔
فون: 042-9920139

## گورنمنٹ میونسپل کالج کو پرنٹنگ خدمات درکار
پراسپیکٹس کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 اگست 2021ء
برائے رابطہ: کالج آفس، جڑانوالہ روڈ، فیصل آباد۔
فون: 041-9220283

## گورنمنٹ اسلامیہ کالج کا پرنٹنگ کا ٹینڈر
پراسپیکٹس کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: کالج آفس، کوپر روڈ، لاہور۔

## ہائی کورٹ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: اسٹور سیکشن، راولپنڈی بنچ، راولپنڈی
فون: 051-9277017-22 EXT121

## QTPL کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: منیجر ایڈمنسٹریشن، پہلی منزل، 1-C-7، گلبرگ-تھری، لاہور۔
فون: 042-35750936-7

## یونیورسٹی آف انجینئرنگ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر: 30/2021
پراسپیکٹس کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 26 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ رجسٹرار (پروکیورمنٹ)، ٹیکسلا۔
فون: 051-9047477

## یوتھ افیئرز کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (جنرل)، پنجاب اسٹیڈیم، لاہور۔
فون: 042-99231385

## ڈی جی کلچر ٹورازم کا پرنٹنگ کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر:
DGC/CT&AD/PUB/2021-22/8057
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 اگست 2021ء
برائے رابطہ: دفتر ڈائریکٹر جنرل کلچر سندھ، محمد ابراہیم جویو آڈیٹوریم، لیاقت میموریل لائبریری، اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔
فون: 021-99230965

## NESPAK کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر: nespak435
آفسیٹ پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 6000 ریمز
آفسیٹ پیپر، A3 سائز، 80 گرام، تعداد: 300 ریمز
پلاٹر پیپر رول، سائز 36 انچ، 50 yards، 90-گرام امپورٹڈ، تعداد: 100 رولز
دیگر اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ سیل، Nespak ہاؤس، 1-C، بلاک N-، ماڈل ٹاؤن، ایکسٹینشن، لاہور۔
فون: 042-99090000 EXT:514

## اسٹیٹ گیس سسٹم کو اسٹیشنری درکار
ٹینڈر حوالہ نمبر:
ISGS/Proc/TE-Admin-12/20-21
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: چیئرمین پرسن، ٹینڈر کمیٹی، پیٹرولیم ہاؤس، آٹھویں منزل، اتاترک ایونیو، G-5/2، اسلام آباد۔
فون: 051-9217667-9

## سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کو پرنٹنگ آئٹمز درکار
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (ویلفیئر-1)، S&GAD، پنجاب سول سیکریٹریٹ، لاہور۔
فون: 042-99212464

## ایئرپورٹ سیکیورٹی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر: 72-8/2021-22/Admin
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 جولائی 2021ء
برائے رابطہ: اسٹیشنری آفس، ہیڈکوارٹر، ایئرپورٹ، کراچی۔
فون: 021-99242589

AAS A A SERVICES
Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915
Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets
Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# ڈی جی ٹی او نے گلگت چیمبر کی مینجنگ کمیٹی کے 20 اراکین فارغ کردیئے

## کسٹم ایجنٹ کے نمائندے امجد چوہدری کی فیڈریشن کی رکنیت بھی منسوخ کردی

کراچی(بزنس ڈیسک)وفاقی وزارت تجارت کے ماتحت ادارے ٹریڈ آرگنائزیشن نے گلگت چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مینجنگ کمیٹی کے 20 ممبران کو ایک ساتھ فارغ کردیا۔ یہ تمام ممبران بغیر کسی وقفے کے ہر سال گلگت چیمبر کی مینجنگ کمیٹی کے رکن بنتے آرہے تھے۔ٹریڈ آرگنائزیشن کے ریگولیٹر ریاض احمد نے آرڈر نمبر F.No.6(06)/2021-TO جاری کردیا ہے اور گلگت چیمبر کے سیکریٹری جنرل کو ایک لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔علاوہ ازیں ٹریڈ آرگنائزیشن کے ریگولیٹر ریاض احمد نے آرڈر نمبر F.No.6(01)/2021-TO جاری کیا ہے جس میں آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے ایف پی سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی میں نمائندگی کرنے والے رکن امجد چوہدری کو کارپوریٹ ممبر کا ثبوت پیش نہ کرنے پر ایف پی سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی سے انکی رکنیت منسوخ کردی ہے۔

## دفعہ 25 اے میں ترامیم کے بعد کسٹمز ویلیوایشن کا کردار ختم ہوگیا ہے، ارشد جمال

کراچی(پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن (اپیکا) کے چیئرمین ارشد جمال نے کہا کہ کسٹمز ایکٹ کی شق 25(اے) میں کی جانے والی ترمیم کے بعد کلکٹر کو اس اختیارات حاصل ہوگئے ہیں کہ وہ کنسائمنٹس کی درآمدی قیمت کا تعین کرسکے جس کے بعد ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمز ویلیوایشن کا کردار ختم ہوگیا ہے اور اب اس ادارے کی کوئی ضرورت نہیں رہی۔انہوں نے کہا کہ کسٹم ویلیوشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کی جانے والی 90 فیصد ویلیوایشن رولنگ مارکیٹ انکوائری پر مبنی ہوتی ہیں اور ویلیوایشن رولنگ کے اجراء میں ایک مافیا ملوث ہوتا ہے جو اپنی مرضی کے مطابق ویلیوایشن رولنگ کے اجراء کرواتا ہے تاکہ وہ اپنے کنسائمنٹس کی کلیئرنس انٹرنیشنل قیمتوں سے ہٹ کر انڈر انوائسنگ کے ذریعے قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچاسکیں۔انہوں نے کہا کہ انڈر انوائسنگ کے خطرے کو صرف اسی صورت میں ختم کیا جاسکتا ہے، اگر کسٹم ویلیوشن ڈپارٹمنٹ کو ختم کردیا جائے اور کنسائمنٹس کو لین دین کی قیمتوں کے مطابق کلیئر کیا جائے۔

## کوریا آزاد تجارتی معاہدہ کرنے کے لیے تیار

کراچی(بزنس ڈیسک)پاکستان میں کوریا کے سفیر سوسانگ پیو نے پاکستان کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدہ (ایف ٹی اے) طے کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوریا اور پاکستان کے مابین دوطرفہ تجارت کے فروغ کیلئے آزاد تجارتی معاہدہ انتہائی ضروری ہے تاکہ دونوں ملکوں کی تاجر برادری ایک دوسرے کے ملکوں میں دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھاسکیں اور باہمی تجارت وسرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہو۔ یہ بات انہوں نے ایف پی سی سی آئی کی پاکستان کوریا بزنس کونسل کے چیئرمین سہیل نثار سے ملاقات کے موقع پر تجارتی تعلقات اور نئی تجارتی راہیں تلاش کرنے کے امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہی۔کورین سفیر نے کہا کہ آزاد تجارتی معاہدے کیلئے ضروری ہے کہ پاکستانی تاجر برادری اپنی حکومت سے درخواست کرے کہ وہ کورین حکومت کے ساتھ اس حوالے سے بات چیت کو آگے بڑھائے تاکہ کورین سفارتخانہ اپنا کردار ادا کرسکے۔ انہوں نے دونوں ملکوں کی تاجر برادری پر زور دیا کہ وہ جوائنٹ ونچر میں دلچسپی کا مظاہرہ کریں اور معیشت کے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کیلئے مشترکہ کوششیں کریں۔

### موبائل فونز کی درآمد پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد ہونے سے ہزاروں روپے کا اضافہ

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے موبائل فونز کی درآمد پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کردی ہے، اس حوالے سے حکومت کی جانب سے ترمیمی کسٹم کوڈ جاری کردیئے ہیں جس کے تحت 30 ڈالر تک کے موبائل فون پر 300 روپے فی سیٹ ڈیوٹی لگائی گئی ہے، 30 تا 100 ڈالر کے موبائل فون پر 3 ہزار روپے، 100 تا 200 ڈالر کے موبائل فون پر 7500 روپے ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کی گئی ہے۔200 تا 350 ڈالر کے موبائل فون پر 11000 روپے، 350 تا 500 ڈالر کے فی سیٹ موبائل فون پر 15000 روپے ڈیوٹی لگائی گئی ہے اس کے علاوہ 500 ڈالر سے زائد فی سیٹ پر 22000 روپے ڈیوٹی عائد کردی گئی ہے۔


**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کیئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔



**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# مقامی آفسیٹ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، بلیچ بورڈ اور آرٹ کارڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں تیزی مندی کا رجحان دیکھنے میں آیا اور 14 جولائی کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ اور بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اور چناب کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، فوٹو کاپی پیپر میں کمی بیشی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 305 روپے سے کم ہو کر 295 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام، 295 روپے سے کم ہو کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 92 روپے سے بڑھ کر 94 روپے، تمام سائز 53 گرام، 102 روپے سے بڑھ کر 104 روپے، تمام سائز 60 گرام، 102 روپے سے بڑھ کر 104 روپے، تمام سائز 63 گرام، 112 روپے سے بڑھ کر 114 روپے، تمام سائز 68 گرام، 102 روپے سے بڑھ کر 104 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تما سائز 53 گرام، 96 روپے سے بڑھ کر 99 روپے ، تمام سائز 63 گرام، 99 روپے سے بڑھ کر 102 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام ، 515 روپے سے کم ہو کر 505 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B سائز 70 گرام، 600 روپے سے بڑھ کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 515 روپے سے کم ہو کر 510 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 515 روپے سے کم ہو کر 510 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو۔ 80 گرام، 610 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ZAP، 70 گرام، 550 روپے سے کم ہو کر 525 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر رائٹ 70 گرام، 480 روپے سے کم ہو کر 470 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ایکان کاپی 80 گرام، 510 روپے سے بڑھ کر 560 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ٹیکنو یورپ 75 گرام، 500 روپے سے کم ہو کر 490 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ٹیکنو یورپ 80 گرام، 550 روپے سے کم ہو کر 540 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ دبئی میرم 70 گرام، 475 روپے سے بڑھ کر 490 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ڈالر 160 کے قریب پہنچ گیا

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک میں منگل 13 جولائی 2021 کو روپے کے مقابلے ڈالر 5 پیسے مہنگا ہوگیا جس کے بعد ڈالر کی قیمت خرید 159.30 روپے سے بڑھ کر 159.35 روپے اور قیمت فروخت 159.40 روپے سے بڑھ کر 159.45 روپے ہوگئی تاہم مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قیمت خرید 159.40 روپے اور قیمت فروخت 159.70 روپے پر بدستور برقرار رہی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق منگل 13 جولائی 2021 کو یورو کی قدر میں 40 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے یورو کی قیمت خرید 186.50 روپے سے کم ہو کر 186.20 روپے اور قیمت فروخت 188.40 روپے سے کم ہو کر 188 روپے ہوگئی جبکہ 20 پیسے کے اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت فروخت 220 روپے سے بڑھ کر 220.20 روپے پر جا پہنچی۔

## جائیداد کی خرید و فروخت پر کیپیٹل گین ٹیکس کی نئی شرحیں

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) نئے مالی سال کا اٹھاون سو ارب سے زائد کا ریونیو ٹارگٹ پورا کرنے کیلئے نئے فنانس ایکٹ 2021 میں ٹیکسوں کے ریٹ میں اضافہ کر دیا گیا۔ فنانس ایکٹ 2021 جو یکم جولائی 2021 سے پورے ملک میں نافذ کر دیا گیا ہے اس میں تنخواہ دار طبقے کیلئے فنانس بل 2021 میں تجویز کردہ کئی ٹیکس واپس لے لئے گئے ہیں اور تنخواہ دار طبقہ فنانس ایکٹ 2020 کے مطابق ہی ٹیکس ادا کیا کریگا۔ غیر منقولہ املاک کی فروخت پر کیپیٹل گین ٹیکس میں اضافہ کیا گیا ہے جو درج ذیل ہے۔

پہلے پچاس لاکھ کے کیپٹل گین پر نئے مالی سال میں ٹیکس کا ریٹ 2.5 فیصد سے بڑھا کر 3.5 فیصد کر دیا گیا ہے جبکہ 50 لاکھ سے ایک کروڑ روپے کے کیپٹل گین پر ٹیکس کا ریٹ 5 فیصد سے بڑھا کر ساڑھے سات فیصد کر دیا گیا ہے اور ایک کروڑ روپے سے ڈیڑھ کروڑ روپے تک کے کیپٹل گین پر ٹیکس کا ریٹ ساڑھے سات فیصد سے بڑھا کر دس فیصد کر دیا گیا ہے جبکہ ڈیڑھ کروڑ روپے سے زیادہ کیپٹل گین پر ٹیکس کا ریٹ 10 فیصد سے بڑھا کر 15 فیصد کر دیا گیا ہے۔

## منرل واٹر کی 22 برانڈز کے نمونے غیر معیاری قرار

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملک بھر میں پینے کے صاف و محفوظ پانی کے نام پر فروخت کی جانے والی بند بوتل (منرل واٹر) کے 22 برانڈز کے نمونے مبینہ طور پر غیر معیاری پائے گئے ہیں، جن کے استعمال سے مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہوسکتی ہیں، وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے ادارے پاکستان آبی وسائل کی تحقیقاتی کونسل نے اس حوالے سے اپنی سہ ماہی تجزیاتی رپورٹ جاری کر دی ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# IMPORT GENERAL MANIFEST

## Karachi Appraisement Collectorate (KOIL/KOSK)

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| KOSK | 249 | 03-07-2021 | MT. MAGIC STAR | 99999 | 04-07-2021 | OSE |
| KOSK | 248 | 03-07-2021 | ALBATROSS TRADER | 99999 | 05-07-2021 | OSE |
| KOSK | 247 | 03-07-2021 | ORIENTAL FREESIA | 000 | 03-07-2021 | OSE |
| KOSK | 246 | 01-07-2021 | DM DRAGON | 000 | 01-07-2021 | OSE |
| KOSK | 245 | 01-07-2021 | MT. UACC SHAMS | 99999 | 01-07-2021 | OSE |
| KOSK | 244 | 01-07-2021 | AL MAHBOOBAH | 99999 | 03-07-2021 | OSE |
| KOSK | 243 | 30-06-2021 | MT. AG PLUTO | 99999 | 00-00-0000 | OSE |
| KOSK | 242 | 30-06-2021 | QUETTA | 99999 | 03-07-2021 | OSE |
| KOSK | 241 | 29-06-2021 | DAEWON | 000 | 30-06-2021 | OSE |
| KOSK | 240 | 28-06-2021 | MT. FMT GUMULDUR | 99999 | 30-06-2021 | OSE |
| KOSK | 239 | 28-06-2021 | TSM POLLUX | 000 | 28-06-2021 | OSE |
| KOSK | 238 | 26-06-2021 | MT. PURPLE RAY | 99999 | 27-06-2021 | OSE |
| KOSK | 237 | 26-06-2021 | MT. BOW CECIL | 99999 | 28-06-2021 | OSE |
| KOSK | 236 | 26-06-2021 | MT. ZHU JIANG | 000 | 27-06-2021 | OSE |
| KOSK | 235 | 26-06-2021 | MT. DIYYINAH-I | 99999 | 26-06-2021 | OSE |
| KOSK | 234 | 25-06-2021 | M.T.LAHORE | 99999 | 29-06-2021 | OSE |
| KOSK | 233 | 25-06-2021 | MT. SEA POWER | 000 | 26-06-2021 | OSE |
| KOSK | 232 | 25-06-2021 | M.T. CHEMROUTE BRILL | 99999 | 28-06-2021 | OSW |
| KOSK | 231 | 24-06-2021 | MT. AMELIA | 000 | 25-06-2021 | OSE |
| KOSK | 230 | 24-06-2021 | MT. ORIENTAL SAKURA | 000 | 24-06-2021 | OSE |
| KOSK | 229 | 22-06-2021 | MT MILOS | 000 | 23-06-2021 | OSW |
| KOSK | 228 | 22-06-2021 | M.T SHALAMAR | 99999 | 30-06-2021 | OSE |
| KOSK | 227 | 21-06-2021 | MT NAVIG8 SIRIUS | 99999 | 21-06-2021 | OSE |
| KOSK | 226 | 21-06-2021 | ORIENTAL DAPHNE | 99999 | 22-06-2021 | OSE |
| KOSK | 225 | 21-06-2021 | MT. JAG POOJA | 99999 | 22-06-2021 | OSE |
| KOSK | 224 | 19-06-2021 | M.T.KARACHI | 99999 | 24-06-2021 | OSE |
| KOSK | 223 | 19-06-2021 | MT. HANKUK CHEMI | 000 | 00-00-0000 | OSE |
| KOSK | 222 | 19-06-2021 | MT MUTRIBA | 99999 | 20-06-2021 | OSE |
| KOSK | 221 | 18-06-2021 | M.T. MAHAVIR | 99999 | 18-06-2021 | OSE |
| KOSK | 220 | 18-06-2021 | MT NAVIG8 SIRIUS | 99999 | 18-06-2021 | OSW |
| KOSK | 219 | 16-06-2021 | MT. TAI HU | 99999 | 16-06-2021 | OSE |
| KOSK | 218 | 16-06-2021 | CARIBBEAN 1 | 99999 | 17-06-2021 | OSE |
| KOSK | 217 | 15-06-2021 | MT. PVT DAWN | 99999 | 16-06-2021 | OSE |
| KOSK | 216 | 14-06-2021 | M.T.LAHORE | 99999 | 19-06-2021 | OSE |
| KOSK | 215 | 14-06-2021 | M/T PALAWAN STAR | 99999 | 14-06-2021 | OSE |
| KOSK | 214 | 13-06-2021 | QUETTA | 99999 | 19-06-2021 | OSE |
| KOSK | 213 | 12-06-2021 | M.T. SEA ELEGANT | 99999 | 13-06-2021 | OSE |
| KOSK | 212 | 12-06-2021 | M.T. CHEMROAD QUEEN | 99999 | 17-06-2021 | OSE |
| KOSK | 211 | 12-06-2021 | MT. UACC SHAMS | 000 | 13-06-2021 | OSE |
| KOSK | 210 | 11-06-2021 | M.T SHALAMAR | 99999 | 14-06-2021 | OSE |
| KOSK | 209 | 10-06-2021 | AL MAHBOOBAH | 99999 | 13-06-2021 | OSE |
| KOSK | 208 | 10-06-2021 | MT. HANYU CAMELLIA | 000 | 11-06-2021 | OSE |
| KOSK | 207 | 09-06-2021 | IRIS VICTORIA | 99999 | 10-06-2021 | OSE |
| KOSK | 206 | 07-06-2021 | MT. HAFNIA AFRICA | 99999 | 08-06-2021 | OSE |
| KOSK | 205 | 07-06-2021 | M.T.KARACHI | 99999 | 08-06-2021 | OSE |
| KOSK | 204 | 05-06-2021 | MT. FMT GUMULDUR | 99999 | 06-06-2021 | OSE |
| KOSK | 203 | 05-06-2021 | ORIENTAL LOTUS | 99999 | 06-06-2021 | OSE |
| KOSK | 202 | 03-06-2021 | MT. DL VIOLET | 99999 | 04-06-2021 | OSW |
| KOSK | 201 | 03-06-2021 | MT. LOURDES | 99999 | 03-06-2021 | OSE |
| KOSK | 200 | 01-06-2021 | M.T. SEA POWER | 99999 | 01-06-2021 | OSE |
| KOSK | 199 | 01-06-2021 | MOLLY | 000 | 02-06-2021 | OSW |

## MCC Port Muhammad Bin Qasim (KPPI)

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| KPPI | 312 | 01-07-2021 | MSC ISHYKA | 99999 | 05-07-2021 | QICT |
